واسقیناکم ماءً فراتا
تفسیر فرات (اردو)
مؤلف
شیخ المحدثین علامہ
فرات بن ابراہیم کوفیؒ
ترجمہ
ملک العلماء الحاج مولانا
محمد شریف صاحب
پیشکش
قرآن ریسرچ کمیٹی
جامعہ صاحب الزمان علیہ السلام ملتان

نام کتاب ـــــــــ تفسیر فرات

مؤلف ـــــــــ شیخ المحدثین سرکار علامہ
فرات بن ابراہیم کوفی

مترجم ـــــــــ ملک العلماء الحاج مولانا
ملک محمد شریف صاحب
مرحوم شاہ سکر لوی ملتان

پیشکش ـــــــــ تنظیم محب علی علیہ السلام
لندن انگلینڈ

ناشر ـــــــــ قرآن ریسرچ کمیٹی
جامعہ صاحب الزمان
علیہ السلام ملتان

ھدیہ ـــــــــ 175/- روپے

اگست سنہ 2003ء

تنظیم انتظار مهدی ملتان

ہر معاملہ محمدؐ اور علیؑ کے پاس سلامتی سے لاتے ہیں۔"

ابو عبداللہ علیہ السلام نے اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ الی اخرہ کی تفسیر میں فرمایا کہ ـــــ

"لیلہ (رات) سے مراد فاطمہؑ والقدر سے مراد اللہ تعالیٰ فَمَنْ عَرَفَ فَاطِمَةَ حَقَّ مَعْرِفَتِهَا فَقَدْ اَدْرَكَ لَيْلَةَ الْقَدْرِ جو شخص فاطمہؑ کی معرفت اچھی طرح حاصل کرے گا، وہ لیلۃ القدر کو پالے گا۔ وَمَا اَدْرٰكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ۔ تم نہیں جانتے قدر کی رات کیا چیز ہے۔ قدر کی رات ہزار ماہ سے بہتر ہے۔ یعنی فاطمہؑ ہزار مومنوں سے بہتر ہیں، کیونکر آپ ام المومنین ہیں تنزل الملائکۃ والروح فیھا اس میں فرشتے اور روح نازل ہوتے ہیں، فرشتوں سے مراد مومن فرشتے جو علم آل محمدؐ رکھتے ہیں۔ روح القدس سے مراد فاطمہؑ ہیں بِاِذْنِ رَبِّهِمْ مِّنْ كُلِّ اَمْرٍ سَلٰمٌ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ۔ اپنے رب کی اجازت سے امر سلام لے کر فجر کے نکلنے تک نازل ہوتے ہیں، قائم آل محمدؐ کے تشریف لانے تک آتے رہیں گے۔"

سورۃ البیّنۃ

ـــــ امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے کہ ـــــ

ان الذین امنوا وعملوا الصالحات اولئک ھم خیر البریۃ

وہ لوگ جو ایمان لائے اور اچھے عمل کئے وہ تمام مخلوق سے اچھے ہیں

خدا کی قسم علیؑ تمام مخلوق سے اچھے ہیں رسول اللہ کے بعد۔

معاذ سے روایت ہے کہ ـــــ

ان الذین امنوا وعملوا الصالحات اولئک ھم خیر البریۃ